# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | | سبق کا نام: میلا (نظم) | |

**مقاصد:** موضوع سے متعلق پانچ سے سات جملے لکھ سکیں۔
الفاظ کا املا لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو دوم"، ٹوکری، سادہ شیٹیں

## تحریکی سرگرمی (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- اب بچوں سے میلے سے متعلق مختلف سوالات پوچھیں۔ جیسے:
- میلے میں کیا کیا ہوتا ہے؟
- میلے میں کس قسم کی دکانیں ہوتی ہیں؟
- کیا آپ نے کبھی میلا دیکھا ہے؟ وغیرہ
- بچوں کے جوابات لیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- اب بچوں کے مختلف گروہ بنادیں۔
- بچوں سے کہیں کہ اپنے علاقے میں ہونے والے میلے کے بارے میں آپس میں بات چیت کریں۔ بعد ازاں اس میلے کا حال اپنی کاپیوں میں لکھیں۔
- اس دوران جماعت میں دیکھیں کہ بچوں کو جہاں مشکل پیش آرہی ہے ان کی رہنمائی کریں۔
- سوال نمبر 10 کی سرگرمی کروانے کے لئے بورڈ پر نظم کے مشکل الفاظ لکھیں۔
- بچوں کی جوڑیاں بنائیں اور انہیں ان الفاظ کی خواندگی کروائیں۔
- اس کام کے لئے انہیں وقت دیں۔

طلبہ سے پوچھیں کیا انھوں نے کبھی کسی دیہات یا شہر کے میلے میں شرکت ہے؟

- بچوں کو بتائیں کہ کسی بھی موضوع پر پیراگراف یا چند سطریں لکھنے کے لیے ضروری ہے کہ آپ اس موضوع کے بارے میں بنیادی اور اہم باتیں جانتے ہوں۔
- آپ کے پاس ذخیرہ الفاظ موجود ہو۔ آپ جملوں میں ربط اور دل چسپی کا عنصر قائم رکھ سکتے ہوں۔

- آپ کا تحریر کردہ پیرا گراف یا جملے بالکل درست املا اور موضوع کی مناسبت سے ہوں۔
- بچوں سے دیے گئے موضوع کے متعلق مختلف سوالات کریں اور پھر بچوں کی دی گئی معلومات پر مبنی ایک ذہنی جال (Mind map) بورڈ پر بنائیں۔
- یہ تکنیک بچوں کو جملے لکھنے میں آسانی فراہم کرے گی۔
- اب ہر بچے کو ایک ایک خالی شیٹ فراہم کریں تاکہ وہ دیے گئے موضوع سے متعلق پانچ پانچ جملے لکھ سکیں۔
- اب لکھنے کے لیے بچوں کو کچھ وقت دیں۔ اس دوران میں ہر بچے کے پاس جائیں۔
- انھیں جہاں مدد اور رہ نمائی کی ضرورت ہو، فراہم کریں۔
- وقت مکمل ہونے پر جماعت کے متفرق بچوں کو جماعت کے سامنے بلوائیں اور اپنے لکھے ہوئے جملے پڑھ کر سنانے کو کہیں۔
- اب ہر بچے کے لکھے ہوئے جملے چیک کریں اور درست کارکردگی کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- بچوں کی جانب سے لکھے گئے جملے جن میں اچھے الفاظ کا چناؤ کیا گیا ہو ان کو بورڈ پر لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ان جملوں کو کاپی میں لکھیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) مختلف بچوں سے سبق کی بلند خوانی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: میلا (نظم) | |

**مقاصد:** کسی بھی موضوع پر اپنا ماضی الضمیر سامعین کے سامنے پیش کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت دوم کی کتاب، چارٹ پیپر

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو گروہی شکل میں بٹھائیں۔
- انھیں سبق کے مطابق ایک ایک پیراگراف چارٹ پر لکھوائیں۔
- پیراگراف لکھنے کے لیے بچوں کو مقررہ وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد بچوں کو ایک ایک کر کے بورڈ بلوائیں اور اہم نکات بورڈ پر لکھنے کو کہیں۔
- آخر میں بچوں کی حوصلہ افزائی کے لیے تالیاں بجوائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- اگلی سرگرمی کے لیے کتاب کے صفحہ نمبر 38 پر موجود سوال نمبر 11 کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بورڈ پر کتاب میں دیا گیا موضوع "میرا پسندیدہ مقامی تہوار" لکھیں۔
- بچوں کو موضوع سے متعلق ضروری معلومات دیں اور بچوں کی تقاریر تیار کروائیں۔
- تیاری کے دوران اس بات کا خاص خیال رکھا جائے کہ بچے اپنے لب و لہجے اور آواز کے اتار چڑھاؤ کا خیال رکھیں۔
- جماعت میں ایک تقریری مقابلے کا انعقاد کریں اور بچوں کی تیار کی گئی تقاریر جماعت کے سامنے پیش کروائیں۔
- سب سے اچھی تقریر کرنے والے بچے کی حوصلہ افزائی کریں اور تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5منٹ) مختلف بچوں سے نظم "ایک میلا" کے الفاظ بورڈ پر لکھوائیں۔ درست املا پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) سوال نمبر 12 کا جواب کاپیوں میں لکھیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | | |
|---|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | | سبق کا نام: ہر اک کی ہے شان نرالی | |

**مقاصد:** متن درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو دوم" تصویریں، لفظی جیب، سبق میں آنے والے مشکل الفاظ کے کارڈ

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے **4** گروہ بنا دیں۔
- اب ہر گروہ کو ایک ایک تصویر دیں بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو تصویر آئی ہے اسے دیکھیں اور آپس میں بات چیت کریں کہ یہ تصویر کس موسم کی ہے؟ اس موسم کا کیا فائدہ ہے؟ اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے کسی ایسے بچے کو تصویر سمیت بلائیں جو جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے جھجکتے ہوں۔
- اس سے کہیں کہ وہ تصویر بورڈ پر چسپاں کر کے جماعت کے بچوں کو بتائے کہ یہ تصویر کس موسم کی ہے؟ اس طرح یہ سرگرمی دوسرے گروہ کے سے بھی کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں کی ذہنی آمادگی کے لیے مختلف سوالات پوچھیں۔ جیسے:
- آپ کو کون سا موسم پسند ہے؟
- موسموں کے دو فائدے بتائیں۔
- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔ کسی خالی ڈبے پر رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کر لیں۔ اس پر لکھ دیں: "لفظی جیب"۔ سبق میں دیے گئے چند "تلفظ سیکھیں" کے الفاظ کے کارڈ تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔

- بچوں کی مختلف جوڑیاں بنا کر لفظی جیب باری باری ان کے سامنے کریں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک کارڈ اٹھا لیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ کارڈ کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔ جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔
- بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر با آواز بلند پڑھائیں۔ اس کے بعد بچوں سے کارڈ لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کر کے لفظی دیوار بنا دیں۔
- بچوں کے تین گروہ بنا دیں۔ سبق کو تین حصوں میں تقسیم کر دیں۔ اب 3 پرچیاں بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈالیں، جن پر 1 تا 3 نمبر لکھے ہوں۔ وہ ٹوکری باری تینوں گروہوں کے سامنے کریں اور انھیں اس میں سے کوئی سی ایک پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ کے پاس جس نمبر کی پرچی آئے گی، وہ گروہ سبق کے اسی پیراگراف یا جملوں کی بلند خوانی کرے گا۔
- متن کی بلند خوانی درست تلفظ کے ساتھ پہلے خود کریں۔
- مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ کر بچوں کو ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔
- اب ہر گروہ سے تفویض کردہ پیراگراف یا جملوں کی خواندگی کروائیں۔
- اس سرگرمی کے لیے ان بچوں کا انتخاب کریں جو کمرہ جماعت میں ہونے والی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔ جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آ رہی ہو گی تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں گے۔
- علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ مطلوبہ جملے پڑھ لے تو اس کی اصلاح کریں۔
- دورانِ پڑھائی کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔
- اس سے بچے اپنی خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے میں جھجک محسوس کرتے ہیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کرائیں اور اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) پڑھائے گئے سبق سے متعلق بچوں کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے ان کے دو گروہ بنا دیں۔ دونوں گروہوں کو سبق میں آنے والے مشکل الفاظ کے کارڈ اس طرح سے دے دیں کہ دونوں گروہوں کے پاس الفاظ کی تعداد ایک جیسی ہو۔ اب ایک گروہ کارڈ پر لکھا ہوا لفظ پڑھے اور دوسرا گروہ اس کا معانی بتائے اور وہ لفظ سبق کے جس جملے میں آیا ہو، اس جملے کی بلند خوانی کرے۔ اس طرح یہ سرگرمی دونوں گروہوں سے باقی الفاظ پر بھی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) سبق کی پڑھائی کر کے آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: ہر اک کی ہے شان نرالی | |

**مقاصد:** متن کو درست تلفظ اور روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب۔ الفاظ کی پرچیاں، ٹوکریاں

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- چار چار بچوں کے گروہ بنا دیں۔
- ہر گروہ کے بچوں کو الگ الگ دائروں کی صورت میں بٹھائیں۔
- بچوں کو موسموں سے متعلق کتابیں فراہم کریں۔
- ہر گروہ کو ایک ایک کتاب دیں۔ اس کے علاوہ ایک سادہ کاغذ بھی دیں۔
- بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ کتاب میں سے اپنے پسندیدہ موسم کے بارے میں چند لائنیں لکھیں۔ بچوں کو واقعہ لکھنے کے لیے کچھ وقت دیں۔
- جہاں مشکل پیش آئے، ان کی رہ نمائی کریں۔
- یہ سرگرمی باری باری تمام گروہوں میں کرائی جائے۔ اس سرگرمی کا مقصد بچوں کو اگلے سبق کے لیے تیار کرنا تھا۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں سے کہیں کہ کتاب کا صفحہ نمبر 39 کھولیں اور موضوع سے متعلق بات چیت کریں۔
- بچوں کو سبق "ہر اک کی ہے شان نرالی" کے "تلفظ سیکھیں" کے الفاظ کی بار بار پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد ان ہی الفاظ پر مشتمل کاغذی پرچیاں بچوں میں تقسیم کر دیں، باری باری ہاتھ بلند کروا کر ان الفاظ کی خواندگی کروائیں۔
- درست تلفظ کی ادائی کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔ آخر میں ایک بار استاد خود ان الفاظ کو بلند آواز میں درست تلفظ سے ادا کریں۔
- سبق کے متن کی چند لائنوں کو پہلے خود درست تلفظ سے پڑھ کر سنائیں۔
- اس دوران بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ آپ کے پڑھائے گئے متن کو غور سے سنیں۔
- اس کے بعد بچوں کے ناموں کی پرچیاں تیار کر لیں۔
- اب پرچی پر جس بچے کا نام نکلے گا وہ سبق کی دو لائنیں پڑھے گا۔
- سبق سنتے ہوئے اس بات کا دھیان رکھیں کہ بچے درست تلفظ کے ساتھ سبق پڑھ رہے ہیں۔

| |
|---|
| • اگر پرچی پر اُس بچے کا نام نکلے جس کو پڑھنے میں دقت پیش آ رہی ہے اور وہ پڑھنے میں جھجک بھی محسوس کر رہا ہے، اس کو خاص توجہ دیں۔<br>• پاس بٹھا کر پیار کے ساتھ اس کی اصلاح کریں، تاکہ بچے کی جھجک بھی ختم ہو جائے۔<br>• اب ایک ایک پرچی نکالتے جائیں اور بچوں سے پڑھائی کرواتے جائیں۔<br>• متن کی پڑھائی کے آخر میں بچوں سے متن سے متعلق سوالات کریں تاکہ بچوں کی فہم کا جائزہ لیا جا سکے۔ |
| **اعادہ:** (3منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5منٹ) بورڈ پر سبق میں موجود مشکل الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کی پڑھائی کروائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی پڑھائی کر کے آنی ہے۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: ہر اک کی ہے شان نرالی | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، گلزارِ اردو جماعت دوم کی کتاب۔ کاغذی جیبیں، چارٹ پیپر کے پھول اور پتیاں

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں سے گزشتہ روز کے کام کے بارے میں پوچھیں۔
- بچوں سے کہیں کہ آج ہم اپنے کام کا آغاز ایک دل چسپ سرگرمی کے ذریعے سے کریں گے۔
- بورڈ پر چارٹ کی بنی ہوئی مختلف رنگوں کی چار کاغذی جیبیں چسپاں کر دیں، جن میں الفاظ کے کارڈ ڈال دیں۔
- اب جماعت میں سے مختلف بچوں کو باری باری بلائیں، ان سے کہیں کہ وہ ان کاغذی جیبوں میں سے اپنی مرضی کے کارڈ نکالیں، ان پر لکھے ہوئے الفاظ پڑھیں اور پھر ان سے متعلق ایک ایک جملہ بولیں۔
- ایک لفظ کا درست جملہ بتانے کے دو نمبر ملیں گے۔ آخر میں جن بچوں کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائیں گے۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 41 پر موجود مشق پر موجود نئے الفاظ کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے بچوں کو بتائیں کہ ہر لفظ کا کوئی نہ کوئی مطلب ہوتا ہے۔
- کتاب کے الفاظ معانی کی سرگرمی مکمل کروانے کے لیے آج ہم چند الفاظ کے معانی اور مفہوم جانیں گے تاکہ ہم سبق کو آسانی سے سمجھ سکیں ۔
- الفاظ معانی کا مقصد بچوں کو مختلف الفاظ کے مفہوم سے آگاہ کرنا ہے تاکہ وہ اپنے ذخیرہ الفاظ سے روزمرہ گفت گو میں اِن الفاظ کا بہتر استعمال کر سکیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 41 پر موجود الفاظ اور ان کے معانی کو چارٹ پیپر کے بنے ہوئے پھول اور پتوں پر لکھ لیں۔
- الفاظ کو پھولوں اور معانی کو پتوں پر لکھ لیں۔ جماعت کے بچوں میں یہ پھول اور پتے تقسیم کر دیں۔
- اب اِن پتوں اور پھولوں کی مدد سے الفاظ، معانی کو شناخت کروانے کی سرگرمی کروائیں۔
- باری باری پھولوں والے بچے اپنا اپنا لفظ بتائیں اور جن بچوں کے پاس ان کے معنی والے پتّے ہوں وہ ان کے پاس جا کر کھڑے ہو جائیں۔

- اب استاد ان پھولوں اور پتوں کو بچوں کی مدد سے بورڈ پر ٹیپ کی مدد سے چسپاں کر دیں۔
- کسی ایک یا دو الفاظ کے معنی جان بوُجھ کر غلط چسپاں کریں اور بچوں سے ان کی درستی کروائیں۔
- اس کے بعد بچوں کی مزید فہم کے لیے کچھ بچوں کو الفاظ اور کچھ کو معانی پر مشتمل پرچیاں دیں۔
- اب بچوں کو ان پرچیاں کو کھولنے کے لیے کہیں۔
- پرچی کھولنے کے بعد سب بچے باری باری اپنی پرچی پر لکھا ہوا لفظ با آوازِ بلند پڑھیں تا کہ باقی بچے بھی سن سکیں۔
- بعد ازاں الفاظ پر مشتمل پرچیوں والے بچوں کو ایک قطار اور معانی پر مشتمل پرچیوں والے بچوں کو دوسری قطار میں کھڑا کریں۔
- پہلی قطار کا ایک بچہ اپنی پرچی پر لکھا لفظ بولے، جبکہ دوسری قطار میں موجود وہ بچہ جس کے پاس اس لفظ کے معانی والی پرچی ہو وہ ہاتھ کھڑا کرے اور لفظ والے بچے کے ساتھ جوڑا بنا کر کھڑا ہو جائے۔
- اس سرگرمی کے تحت تمام الفاظ معانی کے جوڑے بنائیں اور بعد ازاں انھیں بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- اس دل چسپ سرگرمی سے بچوں کو الفاظ معانی جلدی اور آسانی سے یاد ہو جائیں گے۔ اس کے بعد کتاب کا کام مکمل کروائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے معانی لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ مکمل کر کے لانی ہے۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ________ | مضمون: اردو | سبق: ہر اک کی شان نرالی |
|---|---|---|

سوال 1: دیے گئے الفاظ کے معانی لکھیں۔

| الفاظ | معانی |
|---|---|
| لطف | |
| ویران | |
| بحث | |
| وافر | |
| آب پاشی | |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: | یونٹ:1 | جماعت: دوم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | | سبق کا نام: ہر اک کی شان نرالی | |

**مقاصد:** سوالات کا جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت دوم کی کتاب، سوالات کی پرچیاں، ورک شیٹ

**تحریکی سرگرمی (5 منٹ)**

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور دونوں گروہ کو ایک ایک شیٹ دیں، جن پر سبق سے متعلق چند سوال لکھے ہوں۔
- ایک گروہ کے بچوں سے کہیں کہ وہ دوسرے گروہ سے شیٹ پر لکھے ہوئے سبق سے متعلق دو دو سوال پوچھیں۔
- دوسرے گروہ کے بچے ان کے جوابات دیں گے۔
- پھر اسی طرح دوسرے گروہ کے بچے پہلے گروہ کے بچوں سے سوال پوچھیں گے اور پہلے گروہ کے بچے ان کے جواب دیں گے۔
- جس گروہ کے بچے سوالات کے درست جواب دیں گے، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔ س

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- بچوں سے صفحہ نمبر 39 اور 40 کی پڑھائی کروائیں تاکہ بچوں کے ذہن میں سبق پھر سے تازہ ہو جائے۔
- اس طرح وہ کتاب کے صفحہ نمبر 41 پر موجود سوال نمبر 1 کو آسانی سے حل کر سکیں گے۔
- جماعت کو چار گروہوں میں تقسیم کر لیں اور ہر گروہ کا ایک ایک لیڈر بھی بنا دیں۔
- اس کے بعد جن سوالوں کے جوابات معلوم کرنے ہیں ان کو بورڈ پر لکھ دیں۔
- ایک ایک سوال کے ممکنہ جوابات کی پرچیاں بنا کر ایک ایک گروہ کو دے دیں۔
- بورڈ سے ایک سوال کی خود پانچ سے سات مرتبہ پڑھائی کریں، تاکہ سوال بچے کو اچھی طرح یاد ہو جائے۔
- اس کے بعد جس گروہ کو اس سوال کے ممکنہ جواب کی پرچیاں دی تھیں ان سے کہیں کہ وہ ان پرچیوں میں سے درست جواب ڈھونڈ کر بتائیں ۔ کہ اس سوال کا ممکنہ اور درست جواب کون سا ہے؟
- اسی طرح باقی کے سوال بھی پڑھیں اور ان کے جوابات حاصل کریں۔
- اس کے بعد بورڈ پر کتاب کے سوال نمبر 1 میں موجود تمام سوالات لکھیں۔
- ایک ایک کر کے بچوں سے ان سوالات کے جواب لکھیں۔ اور درست کام کرنے والے بچوں کے لیے تالیاں بجوائیں۔

| |
|---|
| • آخر میں تمام سوالات کے ان جوابات کی بچوں کو پڑھائی کروائیں اور کتاب کا کام مکمل کروائیں۔ |
| **اعادہ:**(3منٹ)بچوں کو جماعت میں کروائے گئے کام کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:**(5منٹ)بورڈ پر چند سوالات لکھیں اور متفرق بچوں سے ان کے جوابات لکھوائیں۔ |
| **گھر کا کام:**(2منٹ)جماعت میں کروائے گئے کام کی مشق بھی کر کے آنی ہے اور ورک شیٹ بھی مکمل کر کے لانی ہے۔ |

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| نام:__________ | مضمون: اردو | سبق: ہر اک کی شان نرالی |

سوال 1: سوالات کے مختصر جواب اپنی کاپی میں لکھیں۔

ا۔ فصلیں کس موسم میں پکتی ہیں؟

جواب: ____________________

۲۔ موسم بہار میں ماحول میں کیا تبدیلیاں آتی ہیں؟

جواب: ____________________

____________________

۳۔ موسموں نے اپنی تعریف سن کر کیا کہا؟

جواب: ____________________

____________________

۴۔ موسموں کی ملکہ کس موسم کو کہتے ہیں؟

جواب: ____________________

____________________